THE DAILY QAUMI AKHBAR 06-JUNE, 2006

سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال دھواں سے پاک نئے سی این جی رکشہ میں بیٹھ کر اس کا افتتاح کر رہے ہیں دوسری جانب وہ ایک رکشہ ڈرائیور کو سی این جی رکشہ "الف موٹر" کی چابیاں دے رہے ہیں

سی این جی کار 'الف' نیا انقلاب لائے گی' مصطفےٰ کمال

سی این جی کار نئی ٹیکنالوجی پر مبنی ہے لوگوں کو اسے ایڈاپٹ کرنا چاہیے

مذکورہ اقدام کراچی کے بیروزگار نوجوانوں کے لئے خوشی کی نوید ہے

سٹی ناظم کی بحریہ آڈیٹوریم میں کار کی تقریب اجراء کے بعد صحافیوں سے گفتگو

کراچی (رپورٹ/صابر علی) ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ سی این جی الف کار ڈاٹسن موٹر نے کا ایک نیا انقلاب لے کر آئے گی پاکستان میں پرائیویٹ سیکٹر میں ٹرانسپورٹ کی سہولت میں اضافہ کے حوالے سے یہ اقدام ایک نئی تاریخ رقم کرنے کے مترادف ہے وہ پیر کے روز بحریہ آڈیٹوریم میں ٹرانسمیشن موٹر کمپنی (پرائیویٹ لمیٹڈ) کی جانب سے سی این جی کار الف کی تقریب اجراء اور مذکورہ کار خریدنے والے مالکان میں چابیاں تقسیم کرنے کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے تھے اس موقع پر ٹرانسمیشن موٹر کمپنی (ٹی ایم سی) کے چیف ایگزیکٹو فصیح الحق آغا انجینئر مارکیٹنگ زاہد عظیم ای ڈی او ٹرانسپورٹ سٹی گورنمنٹ محمد اطہر اور پیپسی چینل کے نعیم قریشی بھی موجود تھے ناظم کراچی نے کہا کہ سی این جی کار الف نئی ٹیکنالوجی پر مبنی ہے اور لوگوں کو اسے "ایڈاپٹ" کرنا چاہیے یہ اقدام کراچی کے بے روزگار نوجوانوں کیلئے بھی ایک نوید کے مانند ہے